Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 12 Short Questions Test

Q1. آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی آخری دو آیات کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات کے بارے میں حضور اقدس خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بھی سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات رات میں سونے سے پہلے پڑھے گا اس کے لیے کافی ہوجائیں گی.

Q2. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

Ans 1: مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

Q3. سورۃ التوبہ کب نازل ہوئی-

Ans 1: جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی حیات طیبہ کے آخری دور میں غزوہ تبوک کے بعد نازل ہوئی.

Q4. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q5. سورۃ الانفال کب اور کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: سورۃ الانفال دو ہجری کے لگ بھگ مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد نازل ہوئی.

Q6. لفظ کے معنی لکھیں- یصدون- جار- الفئتین- علی عقبیہ- الانفال- زات بینکم- قلوبھم- لقیتم- لاتنازعوا

Ans 1: یصدون- وہ روکتے ہیں- جار- حماعتی- الفئتین- دونوں جماعتیں- علی عقبیہ- الٹے قدموں- الانفال- مال غنیمت- زات بینکم،- آپس کے تعلقات- قلوبھم- ان کے دل لقیتم- تمہارا مقابلہ ہوجائے- لاتنازعوا- آپس میں نہ جھگڑو

Q7. سورہ البقرہ میں کس آیات میں گائے کا زکرہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ ہے جسے زبح کرنے کا حکم ہے.بنی اسرائیل کو دیا گیا تھا.

Q8. سورۃ ال عمران کے دو اور نام تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ آل عمران کا ایک امان اور ایک نام زہراہے.

Q9. اللہ تعالی نے مباہلہ کرنے کا حکم کس قوم کو دیا.

Ans 1: اس آیت میں اللہ تعالی نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کو غیر مسلموں کے ساتھ مباہلہ کرنے کا حکم دیا ہے.

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- یومنون- رزقنھیم- انزل- سواء- لایومنون- غشاوۃ- القیوم - نوم

Ans 1: یومنون- وہ ایمان رکھتے ہیں- رزقنھم- ہم نے انہیں رزق عطا کیا- انزل- نازل فرمایا گیا- سواء- برابر ہے - لا یومنون- وہ ایمان نہیں لائیں گے غشاوہ- پردہ القیوم - سب کو قائم رکھنے والا- نوم - نیند